۱۸۰ اکابر علماء و مشائخ کی تصدیقات کے ساتھ

الاقوال القاطعه فی رد مؤید الوهابیة

شرعی فیصلہ

بابت تبدیلئ مذہب مولوی خلیل احمد خاں بجنوری ثم بدایونی

از

شارح بخاری حضرت علامہ مفتی شریف الحق امجدی علیہ الرحمہ

و

تاج الشریعہ حضرت علامہ مفتی محمد اختر رضا خان قادری ازہری دام ظلہ علینا

مرتبہ

مظہر حق و صداقت حضرت مولانا محمد مظہر حسن قادری برکاتی بدایونی

مہتمم مدرسہ قاسمیہ برکاتیہ محلہ ناگران بدایوں

کرسیاں

۴۸۷
۹۲

کی محمد سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

سگ برکات

عبدالصمد سالم رضا برکاتی

شمع فیض کرم

ارکین
بزم قاسمی برکاتی مسجد جعفری عقب گھنٹہ گھر بدایوں یوپی

بسملاً حامداً مصلیاً و مسلماً

قد تبین الرشد من الغی !

تحقیق ہدایت وگمراہی خوب واضح ہوگئی۔

مولوی خلیل احمد خاں بجنوری ثم بدایونی کے تبدیل مذہب پر

ایک سو اسی ۱۸۰ حضرات علماء کرام مشائخ عظام

و مفتیان ذوی الاحترام

کا

شرعی فیصلہ

الاقوال القاطعہ فی رد المولوید الواہیہ

مرتبہ

حضرت مظہر حق و صداقت مولوی محمد مظہر حسن قادری برکاتی بدایونی

مہتمم مدرسہ قاسمیہ برکاتیہ محلہ ناگران بدایوں

مشیرہ۔ مولوی آفتاب احمد خاں صاحب محلہ سوتھہ بدایوں (یو۔پی)

المشتہرین

اراکین بزم قاسمی برکاتی بدایوں، بزم رضائے مصطفٰے و بزم رضا شیخو پور بدایوں

مسلک برکاتی

عبد الصبور رضا برکاتی

انتساب

ہم اپنی اس کوشش کاوش کو

اُن تمام فرزندانِ توحید اور مردانِ حق کے نام جن کے دل عشق رسول صلی اللہ علیہ وسلم و محبت اولیاء کرام رضوان اللہ تعالیٰ علیہم میں ڈوبے رہتے ہیں اور ہمہ وقت قبولِ حق کے لئے تیار رہتے ہیں۔ منسوب کرتے ہیں۔

خدام بزم قاسمی برکاتی بدایوں شریف

اراکین کمیٹی مسجد جعفری عقب گھنٹہ گھر۔ بدایوں یوپی

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

نگاہ اوّلین

برادران مسلمین :- ہم احباب اہلسنت آپکو مولوی خلیل احمد خاں بجنوری اثم بدایونی کے تبدیل مذہب سے سلسلہ میں کچھ اشارات بتاکر صرف یہ واضح کرنا چاہتے ہیں کہ ہم نے کتنی مدت صبر سکون سے کام لیکر ان کو مہلت دی اور سمجھنے کا موقع دیا اور پھر اس طریقہ کو اختیار کیا جو مولوی مذکور کے لئے ضروری تھا جب یہ خوب سمجھ لیا کہ مولوی مذکور کسی طریقے سے راہ راست پر نہیں آرہے ہیں اور وہ اپنے دلائل کاسدہ و فاسدہ سے لوگوں کے ایمان خراب کرنے پر تلے ہوئے ہیں ہٹ دھرمی اور ضد پر قائم ہیں تو ضروری سمجھا کہ مولوی مذکور کی حقیقت کو بے نقاب کرکے اہل سنت کو ان کے مکر و فریب و گمراہی سے بچایا جائے اور عامۃ المسلمین بھی خوب اچھی طرح سمجھ لیں کہ ہم احباب بدایوں نے مولوی مذکور کو افہام و تفہیم کے کسقدر مواقع فراہم کئے ہیں اور اتمام حجت کے ہر دروازے کو پورا کر دیا ہے۔ اور عامۃ المسلمین کو یہ کہنے کا بھی موقع نہ ملے کہ مولوی خلیل احمد خاں کے ساتھ جلدی کی گئی لہذا ابتداءً مختصر چند گوشے آپ کو سمجھنے کیلئے حاضر ہیں۔

مولوی خلیل احمد خاں بجنوری کے لڑکے جوان ہوئے مدرسہ امینیہ دہلی اور دار الندوہ لکھنؤ میں داخلہ لیا جب انکی ہوا لگی تو چند سال کے عرصہ ہی میں اعمال کی تبدیلی شروع ہو کر عقائد کی تبدیلی کا دور شروع ہو جاتا ہے۔ احباب اہلسنت بدایوں یہ سمجھتے رہے کہ یہ بداعمالی آج کے ماحول کی وجہ سے پیدا ہوگئی ہے مگر ہمارا یہ خیال بیکار ثابت ہوا وہاں تو حقیقت ہی کچھ اور تھی اب کیا تھا ایک ہیجان پیدا ہوتا ہے احباب بدایوں نے فرداً فرداً مولوی مذکور سے بات کرنا شروع کردی مولوی مذکور

ہر ایک کو مطمئن کر دیتے کسی سے کچھ کہتے تھے اور کسی سے کچھ جس کا نتیجہ یہ نکلا کہ احباب میں انتشار وافتراق تفرقہ کی فضا پیدا ہو گئی جس نے ایک دوسرے سے ایک دوسرے کو الگ کر کے رکھ دیا مگر ان حضرت پر اس انتشار کا کوئی اثر نہ تھا ایک دن ایسا اتفاق ہوا سہسوان میں مولوی خلیل احمد بجنوری سے مولوی مظفر علی صاحب سہسوانی سے گفتگو ہو جاتی ہے جس سے یہ صاف ظاہر تھا مولوی خلیل احمد بجنوری دیوبندیوں کے حامی ومددگار ہیں بلکہ ہر عقیدے دیوبندیہ سے متفق ہیں مولوی مظفر علی صاحب سہسوانی نے گفتگو کے بعد چند پہلوؤں کو قلم بند کر لیا اور چند گفتگو کو سننے والے حضرات کے دستخط بھی لے لئے بعدہ احباب بدایوں کو بتایا کہ آپ لوگ آپس میں کیوں انتشار کر رہے ہیں مولوی خلیل احمد بجنوری قطعی دیوبندی ہو چکے ہیں ۔ اپنی گفتگو کو قلم بند کر کے حضرات علماء کرام کے پاس میرٹھ ۔ سنبھل ۔ مرادآباد ۔ مبارک پور براؤں شریف وغیرہ بھیج رہا ہوں ۔ حضرات علماء کرام کے پاس سے جواب آجاتے ہیں مولوی مظفر علی سہسوانی جوابات کو لیکر مولوی خلیل احمد خاں بجنوری کے مکان پر پہونچتے ہیں ۔ ان کو بتاتے ہیں کہ آپ کی اور ہماری قلم بند گفتگو پر جو جوابات آئے ہیں ان کو ملاحظہ فرمائیں جس کو دیکھکر غصہ میں بھر جاتے ہیں اپنی پرانی روش کے مطابق فرماتے ہیں کہ یہ علماء جاہل ہیں ان مفتیوں کو آتا جاتا کیا ہے میرے سامنے لاؤ تو معلوم ہو فتوی کیسے لکھا جاتا ہے مولوی مظفر علی صاحب نے فرمایا کہ علماء تو سامنے آہی جائیں گے ہیں تو اس وقت آپ کو حکم بتانے آیا ہوں کہ آپ پر دیوبندی ہونے کا حکم ہے جس سے آپ توبہ رجوع کریں مولوی خلیل احمد بجنوری کے حکم شرعی نہ ماننے پر مولوی مظفر علی سہسوانی واپس چلے آتے ہیں اور یہ سارا ماجرا احباب اہلسنت بدایوں کو بتاتے ہیں اس کے بعد یہ مشورہ ہوتا ہے کہ حضرات علماء کرام کو حالات سے باخبر رکھا جائے اور مولوی خلیل احمد بجنوری سے چند تحریری سوالات کئے جائیں

لہٰذا مولوی مظہر حسن صاحب قادری نیز احباب اہلسنت بدایوں کے مشورے سے
ایک سو ترپن سوالات قائم کر کے احباب بدایوں کے دستخطوں کے ساتھ مولوی
خلیل احمد بجنوری کو رجسٹری بھیج دیتے ہیں۔ جب ایک سال کا عرصہ گزر گیا اور کوئی
جواب نہ آنے پر مجبوراً مولوی مظفر علی صاحب سہسوانی نے قلم بند تحریر سہسوانی پرچے جناب کے
منگوائے تھے ان میں سے چند کو اسلام و سنیت و حفاظت ایمانی کی خاطر بنام
اظہار حق چھاپ دیا گیا۔ اس کتاب میں اس عقیدے دیوبند کو چھاپا گیا
کہ خدا جھوٹ بول سکتا ہے یا بول چکا اور مولوی خلیل احمد اب اسی عقیدے کے حامی
اور مددگار ہیں اس کو چھاپنے کا بھی ان پر کوئی اثر نہ ہوا علماء کو باخبر رکھنے کا چونکہ
عمل جاری تھا اب یہ اشد ضروری سمجھا کہ حضرت بابرکت والا درجت عظیم المرتبت
مولانا مولوی حافظ قاری سید شاہ حسن میاں قبلہ برکاتی سجادہ نشین خانقاہ برکاتیہ
مارہرہ مطہرہ ضلع ایٹہ کو مولوی خلیل احمد خاں کے تفصیلی واقعات سے آگاہ کیا جائے
احباب بدایوں نے حضرت کو آگاہ کیا حضرت حسن میاں صاحب قبلہ نے بدایوں تشریف
لانا منظور فرمایا حضرت نے کمال شفقت و مہربانی و جذبۂ ایثار ہمدردی فرماتے ہوئے
ایک ماہ میں دو بار بدایوں تشریف لاکر مولوی خلیل احمد خاں سے بات چیت کی۔
حضرت نے خوب اچھی طرح سمجھ لیا کہ جو خبریں مجھ تک پہونچی تھیں وہ بالکل سچ ہیں مولوی
خلیل احمد واقعی بدل چکے ہیں حضرت حسن میاں صاحب قبلہ نے مذہبی ذمہ داری
کے پیش نظر یہ ضروری سمجھا کہ دیگر علماء کرام سے بھی بات چیت کرائی جائے حضرت
حسن میاں قبلہ نے مولوی خلیل احمد سے کہا کہ آپ دیگر علماء سے بھی بات چیت کرنا
پسند کریں گے مولوی خلیل احمد دیگر علماء سے بات کرنے کو راضی ہو گئے حضرت حسن میاں صاحب
قبلہ مارہرہ مطہرہ واپس تشریف لے گئے تھوڑے ہی عرصے بعد حضرت حسن میاں صاحب
قبلہ نے عرس قاسمی سے قبل ایک خط لکھا کہ آپ مارہرہ تشریف لے آئیں تاکہ بات

حجیت ہو جائے مگر مولوی خلیل احمد نے بات حجیت کو ٹال مٹول کر کے التوا میں ڈال دیا اور آج تک ماہ رہرہ مطہرہ نہیں پہونچے جبکہ حضرت حسن میاں صاحب قبلہ نے اپنی مکمل فراخ دلی کے ساتھ مولوی خلیل احمد کی اصلاح کیلئے ہر دروازے کو کھول دیا تھا مگر ان حضرت پر کوئی اثر نہ تھا حضرت حسن میاں صاحب قبلہ نے اتمام حجت کی تمام تر تدبیریں بروئے کار لاکر ان کو ہر موقعہ دیا گیا مگر افسوس مولوی خلیل احمد اپنی ضد اور ہٹ دھرمی اور گمراہی جمے ہی رہے اسی دوران قاضی شمس الدین صاحب جونپوری تک مولوی خلیل احمد کی خبریں پہونچیں ہیں قاضی شمس الدین صاحب جونپوری کا ۲۶ صفر ۱۳۹۰ھ مطابق ۱۵ جنوری ۱۹۷۰ء بروز شنبہ بدایوں آکر مولوی خلیل احمد سے مسجد جعفری میں بعد نماز ظہر قریب ۲ بجے گفتگو کرتے ہیں اس گفتگو میں اتفاقیہ آنے والے حضرت علامہ مفتی غلام محمد خاں صاحب ناگ پوری و حضرت علامہ رضوان الرحمن صاحب مفتی اندور بھی بغرض سماعت گفتگو موجود تھے یہ دونوں حضرات عرس رضوی بریلی شریف کے بعد بغرض فاتحہ مزارات اولیا بدایوں میں حاضر ہوئے تھے۔ کافی دیر تک قاضی شمس الدین صاحب جونپوری اور مولوی خلیل احمد سے گفتگو ہوتی رہی گفتگو چونکہ آخری حلہ تھی صرف افہام وتفہیم کے لیے تھی اس لئے آگے نہ بڑھایا گیا مگر پھر بھی نتیجہ خیز موڑ تک پہونچنے والی تھی کہ مولوی خلیل احمد کے چھوٹے لڑکے احمد میاں نے اپنے باپ کی ناکامی دیکھتے ہوئے شرائط گفتگو کی خلاف ورزی کر کے مداخلت شروع کر دی اور گفتگو کو آمادہ فساد تک پہونچا دیا قاضی شمس الدین صاحب نے کمال احتیاط دانشوری کے ساتھ موقع کی نزاکت کو دیکھتے ہوئے اور آئندہ گفتگو کا موقع دینے کی وجہ سے گفتگو کو ختم کر دیا مسجد جعفری کی یہ گفتگو ٹیپ کر لی گئی ہے۔

قاضی شمس الدین صاحب اور اتفاقیہ آنے والے دونوں علمائے کرام افتخار الدین صاحب برکاتی کے مکان پر آجاتے ہیں اور مولوی خلیل احمد خاں صاحب مع اپنے ہم نوا مولوی محمد اقبال حسن صاحب امام جامع مسجد شمسی بدایوں کے ساتھ کہیں چلے جاتے ہیں۔

کیونکہ مولوی محمد اقبال حسن صاحب امام جامع مسجد مولوی خلیل احمد صاحب
کی ہمنوائی میں مسجد جعفری میں موجود تھے اتفاقیہ آنے والے علماء کرام ٹھہر جاتے ہیں اور
دوسرے روز ۲۷ صفر ۱۴۰۱ھ کی صبح کو ایک تحریر گفتگو کو مکمل کرنے کی غرض سے مولوی
خلیل احمد خاں کے پاس بھیجتے ہیں جس کو مولوی خلیل احمد خاں منظور کر لیتے ہیں اس تحریری
منظوری کے بعد قاضی شمس الدین صاحب نیز اتفاقیہ آنے والے علماء کرام مولوی خلیل
احمد کے تبدیل مذہب کی تصدیق کر کے اپنے اپنے وطن واپس ہو جاتے ہیں مفتی غلام
محمد خاں صاحب ناگپوری ۲۷ صفر ۱۴۰۱ھ مطابق ۱۰ جنوری ۱۹۸۱ء کی تحریری منظوری
کے تحت ایک ماہ کے اندر ہی متعدد سوالات پر مشتمل ایک رجسٹری مولوی خلیل احمد
خاں کے نام بدایوں بھیجتے ہیں کہ آپ ان سوالات کے جوابات بہت جلد دیں مگر مولوی
خلیل احمد خاں نے کوئی جواب نہیں دیا مفتی غلام محمد خاں صاحب تحریری طور پر
تقاضے پر تقاضہ کر رہے ہیں مگر یہاں تو ہاضمہ اتنا درست ہے کہ ہر تقاضے سوالات
کو ہضم کیا جاتا رہا پھر مجبوراً مفتی ناگپور نے اپنے سوالات ماہنامہ المیزان میں
بمبئی میں چھاپ دیئے ہیں احباب بدایوں رسالہ المیزان کو مولوی خلیل احمد کے
پاس پہونچا دیتے ہیں مگر اس کے باوجود بھی جواب ندارد اسی طرح ایک سال کا عرصہ گذر
جاتا ہے مفتی ناگپور اسی سال تحریری بات چیت کے دوران زبانی گفتگو کو بھی منظور
کرا چکے ہیں جس میں مولوی خلیل احمد نے ۲۶ صفر ۱۴۰۱ھ منظور کر لی ہے اب پھر عرس
قاسمی آجاتا ہے مولوی خلیل احمد کے بڑے لڑکے عتیق احمد عرس قاسمی میں مارہرہ
مطہرہ پہونچتے ہیں اور ۱۵ صفحات پر مبنی ایک تحریر حضرت علامہ حسن میاں صاحب قبلہ کو
دیتے ہیں وہاں موجود علماء کرام مشائخ عظام اس تحریر کو پڑھتے ہیں انتہائی دکھ اور
افسوس کا اظہار کرتے ہوئے فرماتے ہیں کہ یہ تو دیوبندیوں کے حامی ہی نہیں بلکہ ان سے دو
قدم آگے نظر آتے ہیں عرس قاسمی کی مبارک تقریبات کا دوسرا دن ۲۰ صفر ۱۴۰۱ھ ہے

کیا دیکھتے ہیں کہ مفتی غلام محمد خاں صاحب ناگپوری کا حضرت مولانا مجیب اشرف صاحب
اعظمی اور مولوی غلام مصطفےٰ صاحب ناگپور سے تشریف لے آتے ہیں جب عتیق احمد نے
مفتی ناگپوری کو دیکھا تو گھبرائے ہوئے انداز میں معلوم کیا کہ آپ اتنے لیٹ عرس میں
کیسے آئے مفتی ناگپوری نے جواب دیا کہ میں بزرگان مارہرہ مطہرہ کی قدم بوسی نیز
حضرت علامہ حسن میاں صاحب سے تبادلۂ خیال کرنے کیلئے آیا ہوں تاکہ ۲۶ صفر ۱۴۰۱ھ
کو ہونے والی بات چیت میں حضرت حسن میاں صاحب قبلہ بھی موجود ہوں جس پر
عتیق احمد سراسیمہ ہو کر بولے کہ اب تو اس تاریخ میں بجنور ہو نگے مفتی ناگپوری نے جواب
دیا کہ ۲۶ صفر انکی تحریری طے شدہ تاریخ ہے اور اگر ایسا ہے تو ہم کل ہی ان کو بلائے
لیتے ہیں یہ سن کر عتیق احمد فوراً بدایوں چل دیتے ہیں اور آبا کو علماء کرام کے ارادوں
سے آگاہ کر دیتے ہیں ۱۸ صفر ۱۴۰۱ھ کو مفتی ناگپوری مع اپنے ساتھی علماء کرام نیز حضرت
علامہ مفتی شریف الحق صاحب و حضرت مفتی عبدالمنان صاحب مبارکپوری کو ساتھ
لیکر بدایوں تشریف لے آتے ہیں فوراً ایک تحریر لکھکر مولوی خلیل احمد خاں کے پاس
بھیجتے ہیں مولوی خلیل احمد نے جواباً لکھ کر بھیج دیا کہ میں ۲۶ صفر ۱۴۰۱ھ مطابق
۴ جنوری ۱۹۸۱ء کو بجنور شادی میں جا رہا ہوں یہ وہی جواب تھا جو ان کے لڑکے
عتیق احمد مارہرہ مطہرہ میں دے کر آئے تھے۔ ہمارے مستعد علماء کرام نے ان سے پھر کہا
۲۶ صفر کو آپ اپنی طے شدہ تاریخ پر عذر پیش کر کے باہر جا رہے ہیں تو آج ۱۸ صفر ہے
اور آپ موجود ہیں ابھی بات کر لیں مگر وہ کسی بات پر راضی نہیں ہوئے اور حیلہ بہانہ کرتے
رہے آپ خود ہی فیصلہ کرتے جائیں کہ یہ حضرت کس قدر مہمل فریب سے کام لیتے چلے
جا رہے ہیں ان کے ایک فریب کی مثال یہ بھی ہے کہ پچھلے دنوں ۲۶ و ۲۷ ربیع الاول ۱۳۹۹ھ
کو حضرت مجاہد ملت مولانا حبیب الرحمٰن صاحب قبلہ صدر آل انڈیا تبلیغ سیرت
دامت فیوضہم العالیہ اور حضرت مولانا مولوی مفتی اختر رضا خاں صاحب قادری برکاتی
رضوی بریلوی کو کاسگنج میں بات چیت کر کے ایک ایک نمبر پر حسام الحرمین کے بارے میں دے

چکے ہیں مگر اس سے بھی بھر کر گئے آمدم برسر مطلب، مولوی خلیل احمد ہرگز ہرگز عرس قاسمی سے
آنے والے علماء کرام سے بات چیت کرنے کو تیار نہ ہوئے اور پھر دوسری تاریخ ۲۹ ر ۳۰ ر
ربیع الآخر ۱۴۰۱ھ مطابق ۶ ر ۷ مارچ ۱۹۸۱ء جمعہ ہفتہ دونوں فریقین میں طے پا گئی
حضرت علماء کرام واپس ہو جاتے ہیں اور یہ اعلان کر دیا جاتا ہے کہ ۶ ر ۷ مارچ ۱۹۸۱ء
آخری اور فیصلہ کن تاریخ ہو گی اب ان کے کسی بہانے کو نہیں سنا جائیگا اگر بات
کرتے ہیں تو ٹھیک اور نہیں کرتے ہیں تو ۱۵ صفحہ کی وہ تحریر جو انہوں نے حضرت حسن
میاں کو دی ہے۔ فیصلہ کرنے کے لئے کافی ہے ۶ ر ۷ مارچ ابھی نہیں آئی تھی کہ مولوی
خلیل احمد نے بنام ضروری اعلان ایک اشتہار چھاپ کر عامۃ المسلمین کو دعوت دے
دی ہے۔ جبکہ یہ طے پایا تھا کہ گفتگو صرف حضرات علماء کرام کے درمیان ہو گی ضروری اعلان
اشتہار جس کا جواب مولانا آفتاب احمد خاں صاحب نے بنام انکشاف حقیقت دے دیا تھا
ضروری اعلان حقیقتاً فرار کا ایک راستہ تھا مگر اس نے ان کو اچھی طرح جکڑ کے رکھ دیا ہے
کہ اب انشاء اللہ الکریم کدھر بھی بچ کر نہیں جا سکتے ۶ ر ۷ مارچ ۱۹۸۱ء کی مقررہ تاریخ آجاتی
ہے اور حضرات مشائخ عظام و ممتاز علماء کرام کا نورانی قافلہ یکے بعد دیگرے ۵ مارچ
سے آنا شروع ہو جاتا ہے اور شرائط نامہ مناظرہ کی تحریری کارروائی شروع ہو جاتی ہے
مگر مولوی خلیل احمد اپنی فریبی چالوں کو پھر استعمال کرتے ہوئے اپنے موضوع کفالت
جو ان کا برسوں سے مقرر کیا ہوا ہے۔ اور ضروری اعلان میں چھاپ دیا ہے منکر ہو جاتے
ہیں تحریری طور پر لکھکر دے دیا کہ موضوع کفالت پر بات نہیں ہو گی اب کیا
تھا شہرت عام ہو جاتی ہے ایک ہلچل مچ جاتی ہے چھ مارچ جمعہ مبارکہ کا دن
آجاتا ہے سیکڑوں لا لوگ ہر طرف سے اکھٹے ہوتے چلے آرہے ہیں مسجد جعفری کے آس پاس
کی سڑکوں پر ہجوم نظر آرہے تھے حضرات علماء کرام کا ایک عظیم قافلہ سرزمین بدایوں پر آچکا

یہ ہیں حضرت علامہ اختر رضا خاں صاحب ازہری میاں رضوی بریلوی حضرت علامہ مفتی
شریف الحق صاحب اعظمی مبارک پور حضرت علامہ مولانا شاہد رضا خاں صاحب قادری پیلی بھیتی مفتی
حضرت علامہ مفتی غلام محمد خاں صاحب قادری رضوی ناگپوری حضرت علامہ مجیب
اشرف صاحب اعظمی ناگپوری حضرت مولانا منصور صاحب مجیبی ناگپوری حضرت
مولانا خورشید احمد صاحب ناگپوری حضرت مولانا محمد شریف خاں صاحب ناگپوری
حضرت قاضی عبدالرحیم صاحب بستوی حضرت مولانا محمد ایوب صاحب نعیمی مرادآبادی
حضرت مولانا غلام مصطفےٰ صاحب نعیمی مرادآبادی حضرت مولانا مفتی مظفر احمد صاحب
برکاتی داتا گنجوی۔ حضرت مولانا مظفر علی صاحب سہسوانی حضرت مولانا محمد حنیف
خاں صاحب رامپوری نیز دارالعلوم منظر اسلام بریلی شریف و دوسرے مدارس عربیہ سے
مدرسین حضرات مختلف شہروں قصبوں سے تشریف لے آئے ہیں آج ۶ مارچ جمعہ مبارکہ
بدایوں کا تاریخ ساز دن ہے۔ اس عظیم نورانی شخصیتوں نے سرزمین بدایوں پر باطل کے
سامنے آکر ثابت کر دیا ہے کہ ہم کہیں بھی ہوں وفاداری رسول صلی اللہ علیہ وسلم اور
حفاظت ایمانی کے لئے ہمہ وقت ہر لمحہ ہر مقابلہ سے نبٹنے کے لئے تیار ہیں نماز جمعہ ادا
ہوتی ہے اور علامہ مجیب اشرف صاحب نے قبل جمعہ اور مفتی شریف الحق صاحب نے
بعد جمعہ اپنی ولولہ انگیز تقریریں فرما کر آئے ہوئے سیکڑوں لوگوں کے قلوب کو باغ باغ
کر دیا ہے۔ ایسا اجتماع عظیم مشکل سے ہی دیکھنے میں آتا ہے ایسی دلچسپی جو اس میں
ہے کسی مناظرہ میں دیکھنے میں نہیں آئی اعلان کر دیا گیا ہے کہ مولوی خلیل احمد بجنوری
ثم بدایونی جو آج تک لوگوں کو فریب دیکر دھوکہ میں رکھا ہے آج بھی آخری اور
فیصلہ کن ۶ مارچ کو انھوں نے اپنے موضوع کف لسان یعنی جن کفریات دیوبندیہ
پر حسام الحرمین اور الصوارم الہندیہ میں اکابر دیوبند کی تکفیر کی گئی ہے اور اپنے

ضروری اعلان میں بھی چھاپا ہے انکار کر دیا ہے اس لئے یہ انکا فرار اور موضوع سے ہٹنا ہی ان کی شکست ہے بس کیا تھا نعرہ تکبیر اور نعرہ رسالت مذہب اہلسنت پائندہ باد علمائے اہلسنت زندہ باد سے پوری فضا گونج رہی تھی اور مجمع منتشر ہو جاتا ہے۔

اب اشتہار ضروری اعلان جس نے مولوی خلیل احمد کو اپنے ہی دام میں پھانس رکھا تھا کام آتا ہے اور چند عمائدین شہر اپنی پوری کوشش صرف کر دیتے ہیں مگر ان کی کوشش کارآمد ثابت نہیں ہوتی ہے۔ اور ۶ر مارچ کا دن جمعہ مبارکہ ختم ہو جاتا ہے شب آجاتی ہے اور کوشش پھر تیز ہو جاتی ہیں اور قریب ۱۱ بج جاتے ہیں عمائدین شہر سخت پریشان ہیں۔ مولوی خلیل احمد اپنے مقررہ موضوع کفِ لسان پر ہرگز تیار نظر نہیں آتے دیکھکر عمائدین نے کہا کہ آپکو بات چیت ضرور کرنا ہے آخر میں انھوں نے یہ شرط رکھی کہ اچھا بغیر شرط پر آپ بات چیت کریں مجبوراً چار و ناچار بغیر شرط بات چیت پر مولوی خلیل احمد کو راضی ہونا ہی پڑا کیونکہ وہ خود ہی اپنے دام میں پہلے ہی پھنس چکے تھے۔ ہمارے علمائے کرام نے بھی بغیر شرط بات چیت کی منظوری کا دے دی۔ جب احباب اہلسنت نے حضرات علمائے کرام سے معلوم کیا کہ آپ نے بغیر شرط کیوں منظور کیا تو ارشاد فرمایا کہ ہم نے صرف اس وجہ سے اس بات کو منظور کیا کہ مولوی خلیل احمد آج تک فریب میں رکھے ہوئے ہیں اور آج بھی ہر شخص کی آنکھ میں دھول جھونکنا چاہتے ہیں لہٰذا ہم ان کے اس فریب کو دورانِ گفتگو میں بے نقاب کرنا چاہتے ہیں۔ اور انشاء الکریم قرار شدہ موضوع پر ان کو لے آنا ہمارا کام ہے اور ۷ر مارچ ۱۰ بجے دن بجن بھائی صاحب کی کوٹھی میں مناظرہ ہونا چند عمائدین شہر کی سوجھ بوجھ میں طے پا جاتا ہے۔ احباب اہلسنت بدایوں کی جانب سے حضرت علامہ شاہد رضا خاں صاحب پیلی بھیتی اور اور حضرت علامہ ضیاء المصطفےٰ صاحب اعظمی کو مقرر کر دیا گیا یہ حضرات دس بج کر پندرہ منٹ پر کوٹھی پہونچ جاتے ہیں ادھر سے مولوی خلیل احمد جو تنہا بے یار و مددگار جن کو دعوت دی تھی ان میں سے بھی کوئی

نہ آیا تھا اپنے لڑکوں داماد اور شاگرد محمد یوسف تانگا والوں کے ساتھ قریب دس بجکر ۳۵ منٹ پر کوٹھی پر پہونچتے ہیں۔ قریب ۱۱ بجے غیر موضوع اور غیر مشروط بات چیت سے مناظرہ کا آغاز ہوتا ہے حضرت مولانا شاہد رضا خاں صاحب نے غیر موضوع بات چیت کا قریب ایک گھنٹہ تک جوابات دیکر مولوی خلیل احمد کو ناکارہ بنا دیا تھا اور بڑی خوبصورتی کے ساتھ انکے طے شدہ موضوع کف لسان جس کا وہ تحریری انکار کر کے راہ فرار اختیار کر چکے تھے موضوع کف لسان کو متعین کرا لیتے ہیں اب کیا تھا یہ اللہ کے شیر موضوع کفِ لسان سے ادھر ادھر ہٹنے نہیں دیتے ہیں ضرب پر ضرب پڑ رہی تھی ان بیچارہ مولوی کے پاس سوائے لفاظی اور باطل دلائل دیوبندیہ کے علاوہ کچھ نہ تھا۔ بالآخر نتیجہ یہ نکلتا ہے کہ حضرت علامہ شاہد رضا خاں صاحب نے اپنی مہارت علمی کا مظاہرہ کرتے ہوئے تمام نقلی دلائل کے ساتھ ان پر کافر ہونے کا فتویٰ صادر فرما دیا یعنی مولوی خلیل احمد بجنوری اپنے ہی دلائل کی بنا پر کافر ہیں مگر حضرت علامہ ضیاء المصطفےٰ صاحب اپنی دانشوری اور دور اندیشی کو مدنظر رکھتے ہوئے مولوی خلیل احمد کو ایک اور موقع دیا اور گفتگو کو اپنے ہاتھ میں لے لیا اب کیونکہ ۱/۲ ۲ بجنے والے ہیں۔ نماز وغیرہ پڑھتا ہے وقفہ ہو جاتا ہے بعد وقفہ کے پھر بات چیت کا آغاز ہوتا ہے اور یہ سلسلہ قریب بعد نماز مغرب ۱/۲ ۷ بجے تک چلتا رہا اور یہ گفتگو انتہائی سودمند تھی حضرت علامہ ضیاء المصطفےٰ صاحب نے اپنے مکمل علمی دلائل سے متعدد دندان شکن توڑ جوڑ کر کے مولوی خلیل احمد بجنوری کی شہرت یافتہ علمی گٹھیا کو پاش پاش کر کے رکھ دیا تھا ان کے پاس سوائے ضد اور حمایت دیوبندیت کے کوئی معقول دلیل نہ تھی جس سے دیوبندی مولویوں کا کفر اٹھا سکیں اب ان کا سارا بھرم کھل چکا تھا سوائے بھاگنے کے اور کوئی راستہ نہ تھا بالآخر بھاگنے کا راستہ تلاش کر ہی لیتے ہیں ہار جھک مار کر کہتے ہیں کہ ہم مباہلہ کے لئے تیار ہوں مرحلہ کر لیجئے۔ حضرت علامہ ضیاء المصطفےٰ صاحب

نے بروقت مباحلہ کا جواب دیا اور اپنی حق گوئی و سچائی کی خاطر فوراً پوری عبارت مباحلہ کی لوگوں کو سنائی اب مولوی خلیل احمد سے کہا گیا کہ آپ بھی اپنی مباحلہ کی عبارت لوگوں کو پڑھکر سنائیں بس اب کیا تھا گھبرائے الفاظ میں اگر مگر کی عبارت پڑھنے لگے اگر مگر صرف اس وجہ سے تھا کہ جان رہے تھے میں صحیح عبارت سنا کر قسم کھاتا ہوں تو میرے اوپر عذاب نہ اتر آئے کیونکہ میں دشمنان خدا اور رسول کی حمایت پر دروغ گوئی میں مبتلا رہوں عمائدین شہر نے خوب اچھی طرح سمجھ لیا اور کہا کہ آپ ایسی باتیں کیوں کر رہے ہیں۔ مولانا خلیل احمد خوب سمجھ چکے تھے کہ ہمت ہار چکا ہوں کمر ٹوٹ چکی ہے۔ لہٰذا عمائدین شہر کو آپس میں محو گفتگو دیکھکر کتابیں پھیکے سے اٹھاتے ہیں اور بغیر کسی کو بتائے بڑی خاموشی کے ساتھ بھاگ نکلنے میں کامیاب ہو جاتے ہیں ہمارے علمائے کرام اور دیگر حضرات دیکھتے ہی رہ گئے کہ مولوی خلیل احمد کدھر روانہ ہو گئے کوٹھی میں چائے وغیرہ کا پہلے سے انتظام کیا گیا تھا ہمارے علمائے کرام کوٹھی میں موجود ہیں مولوی خلیل احمد بجنوری کے فرار ہونے اور شکست فاش کی خبر عام ہو جاتی ہے اور برادران اہلسنت اپنے اپنے ہاتھوں میں پھولوں کے گجرے لئے ہوئے کوٹھی پہونچ جاتے ہیں عمائدین شہر ان لوگوں کو روک رہے ہیں کہ آپ لوگ ابھی ٹھہریں۔ چائے وغیرہ پی لیتے ہیں بس جیسے ہی کوٹھی سے باہر علمائے کرام آتے ہیں برادران اہلسنت اپنے اپنے گجرے علمائے کرام کے گلے میں ڈال دیتے ہیں اور بشکل جلوس نعرۂ تکبیر نعرۂ رسالت نعرۂ غوث مذہب اہلسنت زندہ باد مسلک اعلیٰ حضرت نہیں چھوڑینگے علمائے اہلسنت زندہ باد فاتح مناظرین زندہ باد کے نعروں کے ساتھ بھائی افتخار الدین صاحب کے مکان پر آجاتے ہیں۔ اور یہ جلوس برادران اہلسنت کی ایک کثیر تعداد کو مناظرہ کی تفصیل سے آگاہ کرتے ہیں۔ افتخار الدین کے مکان پر لاؤڈ اسپیکر لگا دیے گئے ہیں مکان کچھا کچھ بھرا ہوا ہے اور ہر طرف آدمی ہی آدمی نظر آرہے ہیں مولوی خلیل احمد کی شکست فاش کی تفصیل سننے کے بعد مجمع منتشر ہو جاتا ہے کیونکہ آج ہی بعد عشاء جناب

رئیس احمد خاں صاحب سابق ممبر ٹاؤن ایریا بدایوں محلہ جالندھری سرائے کے یہاں جشن عید میلاد النبی صلی اللہ علیہ وسلم کا انتظام کیا گیا ہے اور تمامی علماء کرام اس جشن میں مدعو ہیں اس لئے بعد ختم پروگرام فوراً ہی قریب ۹ بجے شب رئیس احمد ممبر صاحب کے مکان تمامی علماء کرام جاتے ہیں اور بعد فراغت نماز وغیرہ ۱۰ بجے شب محفل کا آغاز ہوتا ہے تلاوت کلام پاک اور نعت ومنقبت کے بعد سب سے قبل حضرت مولانا مظفر احمد صاحب داتا گنجوی پھر حضرت علامہ مجیب اشرف صاحب اعظمی و حضرت علامہ ضیاء المصطفٰے صاحب اعظمی و حضرت علامہ مشاہد رضا خاں صاحب حشمتی پیلی بھیتی و حضرت علامہ مفتی مولانا شریف الحق صاحب اعظمی اور آخر میں حضرت نبیرہ اعلیٰ حضرت علامہ اختر رضا خاں صاحب رضوی بریلوی اپنی نورانی عرفانی حقانی ایمان افروز تقریر فرما کر محفل پر وجد طاری کر رہے تھے۔ محفل کیا تھی نورانی رات تھی شمع رسالت کے پروانے دیوانہ وار جھومتے ہوئے چلے آرہے تھے۔ کوٹھی کچھا کچھ بھری ہوئی تھی۔ حقیقتاً یہ محفل تاریخ ساز حیثیت کی حامل تھی رئیس احمد صاحب پھولے نہ سمار ہے تھے قریب ۲ بجے شب صلاۃ وسلام کے بعد تمامی حضرات اپنے اپنے گھروں کو واپس ہو جاتے ہیں۔ اور تمامی علماء کرام واپس افتخار الدین کے مکان پر تشریف لے آتے ہیں۔ صبح ہوتی ہے مہمانوں اور حضرات علماء کرام کی واپسی کا سلسلہ شروع ہو جاتا ہے مگر بہت سے علماء کرام ابھی جلوہ فرماں ہیں کیونکہ محلہ کے نوجوان حوصلہ مند غلامان مصطفٰے نے ۱۸ مارچ ۱۹۸۱ء کو سرخ شہید رحمۃ اللہ علیہ کے قریب سڑک پر ایک شاندار جشن فتح منانے کا انتظام کیا۔ سڑک کو شامیانوں وقناعتوں راڈوں قمقموں سے بقعۂ نور بنا دیا ہے اب کیا تھا عشاء کا وقت آجاتا ہے بعد نماز عشاء تلاوت کلام پاک سے جشن فتح کا پروگرام شروع ہوتا ہے نعت پاک کا نذرانہ پیش کیا جا رہا ہے ایک بچوں کی ٹولی جس کو حضرت مولنا احمد حسن صاحب گنوری ثم بدایونی لیکر آئے تھے۔ بہت ہی عمدہ انداز میں سریلی آوازوں کے ساتھ بارگاہ رسالت میں نذرانہ پیش کر کے مجمع کو باغ باغ کر دیا تھا اور ادھر مجمع کا یہ عالم تھا کہ ہر

ہر طرف سے جوق در جوق سیکڑوں کی تعداد میں آدمی چلے آرہے تھے حد نظر تک ادمی ہی آدمی تھے۔ جو اس بات کے منتظر تھے کہ کب تقریر کا سلسلہ شروع ہو اور ہم مولوی خلیل احمد بجنوری کی تبدیلی مذہب پر ہونے والے مناظرہ کی تفصیل سن سکیں لہذا فوراً ہی تقاریر کا سلسلہ شروع ہوتا ہے اور سب سے قبل حضرت مولوی احمد حسین صاحب گنوری بدایونی نے چند منٹ بیان فرمایا اور پھر حضرت علامہ مجیب اشرف صاحب نواسہ صدر الشریعہ علیہ الرحمہ نے اپنی ولولہ انگیز تقریر فرما کر مجمع پر وجد طاری کر دیا تھا اور آخر میں حضرت علامہ مفتی شریف الحق صاحب اعظمی شیخ الحدیث الجامعۃ الاشرفیہ مبارکپور نے مولوی خلیل احمد بجنوری کے تبدیل مذہب کے واقعات اور مناظرہ کی گفتگو پر شاندار تبصرہ فرماتے ہوئے اخیر میں حتمی اور آخری فیصلہ صادر فرما دیا جو آپکے سامنے موجود ہے قریب ۳ بجے شب جشن فتاح کا یہ مبارک سلسلہ ختم ہو جاتا ہے۔ اور ۹ مارچ ۱۹۸۱ء آجاتی ہے اور ۴ بجے دن حضرت بابرکت رہنمائے طریقت آبروئے سنیت پیشوائے اہل سنت مفتی اعظم ہند دامت فیوضہم العالیہ سرزمین بدایوں پر جلوہ افروز ہو چکے ہیں

رئیس احمد صاحب کی کوٹھی میں حضرت کا قیام ہے انوار کی بارش ہو رہی ہے پروانہ وار شمع رسالت کے دیوانے جوق در جوق قطار در قطار حضرت کی نورانی صورت سیرت کو دیکھنے کے مشتاق کھنچے چلے آرہے ہیں دیکھتے ہی دیکھتے کوٹھی بھر چکی ہے سڑکوں پر ہر طرف ہجوم نظر آرہا ہے۔ چند نوجوان پوری مستعدی کے ساتھ مجمع پر کنٹرول کرنے کیلئے مشغول ہیں ہجوم میں جوش وجذبہ کی وجہ سے کنٹرول کرنا مشکل ہو گیا ہے

داخل سلسلہ حضرات گروہ در گروہ شرف بیعت سے مستفیض ہو رہے اور یہ سلسلہ قریب بارہ بجے شب تک جاری رہا سیکڑوں حضرات داخل سلسلہ ہو چکے ہیں مگر سلسلہ ختم ہوتا نظر نہیں آرہا ہے حضرت کی طبیعت علیل تھی اور واپس بھی حضرت کو جانا تھا اس لئے بڑی مشکل

سے مجمع پر کنٹرول کر کے جناب رئیس احمد صاحب ممبر ٹاؤن ایریا بدایوں محلہ جالندھری سرائے
سے رخصت ہو کر بھائی افتخار الدین کے مکان میں جلوہ افروز ہوتے ہوئے بریلی شریف
تشریف لے جاتے ہیں اس عظیم ترین نورانی ذات بابرکت کی آمد سے یہ پورا ہفتہ تاریخ
ساز حیثیت کا حامل ہے اور اس کو اگر مدینۃ العلماء کہا جائے تو بیجا نہ ہوگا ۳ مارچ سے ۹
مارچ تک یہ ایام ہمیشہ یاد کئے جائیں گے۔ آپ یہ سارا کام مکمل ہو جاتا ہے اور مولوی خلیل احمد
کے مکر و فریب المدد یا پولس کچھ کام نہ آسکا بالآخر ان تمام راہوں سے گذرنے کے بعد جشن فتح
میں مولوی خلیل احمد بجنوری پر جو حکم صادر فرمایا گیا تھا اس کو بشکل استفتاء ترتیب دے
دیا گیا اور حضرت علامہ مفتی شریف الحق صاحب اعظمی نے اس پر جواب قلم بند فرمایا جس پر نبیرۂ
اعلیٰ حضرت علامہ اختر رضا خاں صاحب کی تصدیق و تتمہ جو چند مناظرہ کی جھلکیوں کے ساتھ
شامل ہے جو آپ کیلئے انتہائی مفید ثابت ہوگا۔ جس پر ہندوستان کے ممتاز ترین علماء کرام
و مفتیان عظام و مشائخ کرام کی تصدیقات سے بھرپور شرعی فیصلہ آپکے سامنے ہے یہ آپکا کام
ہے کہ آپ انتہائی خلوص سے الحب للہ والبغض فی اللہ کے تحت محبت رسول صلی اللہ علیہ وسلم کی
روشنی میں پڑھیں اور اپنی غیرت ایمانی کا صحیح مظاہرہ کریں الیا نہ ہو کہ آپ بغض و حسد
و ذاتی اغراض و مقاصد کی بنا پر اپنا ایمان کھو بیٹھیں۔ خدا بزرگ و برتر اپنے حبیب صلی
اللہ علیہ وسلم کی محبت پر ہمیں سب کچھ قربان کرنے کی توفیق بخشے اور ہم سب سواد اعظم
اہلسنت و جماعت پر قائم رہیں حق بولیں حق کا ساتھ دیں حق پر عمل کریں دعا ہے کہ ہم سب
نائبان رسول اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے بنائے ہوئے راستے پر چلتے رہیں آمین بجاہ النبی الکریم
علیہ الصلوٰۃ والتسلیم و آلہ و صحابہ اجمعین مذہب اہلسنت پائندہ باد علماء اہلسنت زندہ باد

خادمان بزم قاسمی برکاتی بدایوں:۔

(نوٹ) لگاہ اولین مضمون میں ہم نے جن گوشوں کو اختصار کے ساتھ آپکے سمجھنے
کے لئے نذر کیا ہے اس کی مکمل تفصیل جس کے ۲۰ صفحات قلم بند ہو چکے ہیں اور ۱۵ صفحہ
پر مبنی مولوی خلیل احمد کی قلمی تحریر جو انکے تبدیلی مذہب کا روشن ثبوت ہے۔ جس کا جواب
علامہ مفتی غلام محمد صاحب ناگپوری نے دیا ہے جو ۴ صفحات پر مشتمل ہے منظر عام پر لانے والے ہیں انتظار
فرمائیں والسلام

بسم اللہ الرحمن الرحیم

برادرانِ مسلمین! مولوی خلیل احمد بجنوری ثم بدایونی کے چند سال سے تبدیل مذہب کے

علمائے کرام سے وقتاً فوقتاً گفتگو۔ اور پھر ۶ تا ۷ مارچ ۱۹۸۱ء کے آخری اور فیصلہ کُن مناظرہ کے بعد احباب اہلسنّت کا علمائے کرام سے استفسار

کیا فرماتے ہیں علمائے دین و مفتیانِ شرعِ متین کہ مولوی خلیل احمد صاحب بجنوری ثم بدایونی کے بارے میں جو عرصہ دراز تک حسام الحرمین اور الصوارم الھندیہ کے فتاوی مبارک کے مطابق اشرف علی تھانوی، خلیل احمد انبیٹھوی، رشید احمد گنگوہی اور قاسم نانوتوی کو کافر مرتد جانتے تھے اور برملا اپنی تحریروں اپنی تقریروں میں اُن سب کے کافر مرتد ہونے کا اعلان کرتے تھے اور اُن کے حامیوں سے ہمیشہ مناظرہ مقابلہ کرتے تھے۔ اُن سے میل جول، سلام کلام، نشست برخاست کو حرام قطعی جانتے تھے۔ اور اس پر بہت شدت کے ساتھ عمل پیرا تھے۔ بلکہ وہابیوں دیوبندیوں سے میل جول رکھنے والے سنی مسلمانوں کو بھی اپنے قریب پھٹکنے نہیں دیتے تھے اس قدر تشدد کے باوجود ہمیں سخت حیرت ہوتی ہے کہ وہ اپنے لڑکوں کو وہابیوں کے مدرسہ میں تعلیم دلاتے تھے۔ اب کچھ دنوں سے انھوں نے اپنا مذہب تبدیل کر لیا ہے۔ اپنی نجی مجلسوں میں بلا استثنا تمام علمائے اہلسنّت کی بھرپور غیبت کرتے رہتے ہیں۔ افتراء

اور بہتان باندھنے سے بھی باز نہیں رہتے۔ اس کے برخلاف علماء دیوبند کی بہت لمبی چوڑی تعریفیں کرتے ہیں۔ ان کی تکفیر کے بارے میں کف لسان کرنے لگے ہیں۔ وہ کہتے ہیں کہ جب سے میں نے بسط البنان اور خلیل احمد انبیٹھوی کا قول دیکھا ہے مواخذۂ اخروی کے اندیشہ سے احتیاطاً انکی تکفیر سے کفِ لسان کرتا ہوں ان کا کہنا یہ ہے کہ بسط البنان کی مندرجہ ذیل عبارت حفظ الایمان کی کفری عبارت سے توبہ و رجوع ہے۔

میں نے یہ خبیث مضمون، حسام الحرمین و تمہید وغیرہا میں میری طرف منسوب کیا گیا ہے کہ غیب کی باتوں کا جیسا علم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو ہے ایسا تو ہر بچہ اور ہر پاگل اور ہر جانور اور ہر چوپائے کو حاصل ہے کسی کتاب میں نہیں لکھا۔ اور لکھنا تو درکنار میرے قلب میں کبھی اس مضمون کا خطرہ نہیں گزرا اور جو شخص ایسا اعتقاد رکھے یا بلا اعتقاد صراحتہً یا اشارۃً یہ بات کہے میں اس شخص کو خارج از اسلام سمجھتا ہوں وہ تکذیب کرتا ہے نصوص قطعیہ کی۔ اور تنقیص کرتا ہے حضور سرورِ عالم فخر بنی آدم صلی اللہ علیہ وسلم کی۔

اسی طرح مولوی خلیل احمد انبیٹھوی کا یہ قول پیش کرتے ہیں۔

مولوی احمد رضا خاں صاحب بریلوی نے جو بندہ پر الزام لگایا ہے بالکل بے اصل اور لغو ہے۔ میں اور میرے اساتذہ ایسے شخص کو کافر مرتد ملعون جانتے ہیں جو شیطان علیہ اللعن کیا کسی مخلوق کو بھی جنابِ سرورِ عالم صلی اللہ علیہ وسلم سے علم میں زیادہ کہے۔ یہ کفر یہ مضمون براہین کی کسی عبارت میں نہ صراحتہً نہ کنایتہً مجھ کو تو مدت العمر کبھی اس کا وسوسہ نہیں ہوا۔ (ملتقطاً)

اور کہتے ہیں حدیث میں آیا ہے کہ جو کسی مسلمان کو کافر کہے وہ خود کافر ہے اور امام غزالی نے فرمایا ہے کہ مسلمان کو کافر کہنے میں خطرہ ہے اس لئے میں مولوی

اشرف علی تھانوی وغیرہ کی تکفیر سے کفِ لسان کرنے لگا ہوں ۔ اب دریافت طلب یہ امر ہے کہ مولوی خلیل احمد مذکور اپنے اس قول میں حق بجانب ہیں کہ نہیں. وہ کافر ہیں یا مسلمان ؟ اُنکے پیچھے نماز پڑھنا جائز ہے یا ناجائز اور ان سے مرید ہونا درست ہے یا نہیں ۔ اور جو لوگ بیعت ہو چکے ہیں وہ کیا کریں بینوا توجروا

خادمان بزمِ قاسمی برکاتی بدایوں

حضرت علامۃ الشیخ مولانا شاہ مفتی شریف الحق صاحب قادری نائب مفتی اعظم ہند مدظلہ العالی مفتی الجامعۃ الاشرفیہ مبارک پور کا

-: ایمان افروز جواب :-

الجواب ۔ مولوی اشرف علی تھانوی نے اپنی کتاب حفظ الایمان صفحہ ۸ پر یہ لکھا ہے پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر علم غیب کا حکم کیا جانا اگر بقولِ زید صحیح ہو تو دریافت طلب یہ امر ہے کہ اس غیب سے مراد بعض غیب ہے یا کُل غیب اگر بعض علوم غیبیہ مراد ہیں تو اس میں حضور ہی کی کیا تخصیص ہے ایسا علم غیب تو زید و عمر بلکہ ہر صبی و مجنون بلکہ جمیع حیوانات و بہائم کے لئے بھی حاصل ہے تھانوی صاحب نے اس عبارت میں حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کے علم پاک کو ہر کس و ناکس، بچوں پاگلوں، جانوروں چوپاؤں کے علم سے تشبیہ دی یا ان کے برابر کر دیا۔ یہ بلاشک و شبہہ یقیناً حتماً حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی صریح شدید توہین ہے ۔ اسی طرح مولوی خلیل احمد انبیٹھوی نے براہین قاطعہ صفحہ ۵۱ پر پہلے یہ لکھا کہ "حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کو دیوار کے پیچھے کی بھی خبر نہیں تھی اور شیطان اور ملک الموت کو زمین کا علم محیط حاصل ہے" پھر اس کے بعد یہ لکھا کہ "شیطان اور ملک الموت کو یہ وسعت نص سے ثابت ہوئی ۔

فخرِ عالم کے وسعت علم کی کونسی نص قطعی ہے جس سے تمام نصوص کو رد کر کے ایک شرک ثابت کرتا ہے" اس کا صاف صریح یہ مطلب ہوا کہ انبیٹھوی صاحب شیطان کی وسعت علم کو یعنی شیطان کے علم کے زائد ہونے کو نص یعنی قرآن حدیث سے ثابت مانتے ہیں مگر حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی وسعت علم سے مطلقاً انکار کرتے ہیں۔ انکار ہی نہیں اسکو شرک بتاتے ہیں۔ اس کا حاصل یہ ہوا کہ انبیٹھوی صاحب کا عقیدہ یہ ہے کہ ابلیس لعین کا علم حضور اکرم صلی اللہ علیہ وسلم کے علم سے زیادہ ہے یہ بھی بلا کسی شک وتردد کے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شان ارفع واعلیٰ میں ناقابلِ برداشت کھلی ہوئی توہین ہے اور اس میں کسی مسلمان کو ادنیٰ سا تردد بھی نہیں ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شان اقدس میں ادنیٰ سی توہین کرنے والا اسلام سے خارج اور کافر ہے امت کا اس پر اجماع ہے کہ جو حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی توہین کرنے والے کے کافر ہونے میں شک کرے وہ بھی کافر ہے درمختار دُرر غرر بزازیہ وغیرہا میں ہے۔ من شک فی کفرہ وعذابہ کفر۔ شفاء قاضی عیاض اور شامی میں ہے۔ اجمع المسلمون علی ان شاتمہ کافر من شک فی کفرہ وعذابہ کفر۔ مولوی قاسم نانوتوی نے تحذیر الناس میں صفحہ ۳ پر یہ لکھا۔

"خاتم النبیین کے معنی آخری نبی ہونا عوام کا خیال ہے اس میں بالذات کچھ فضیلت نہیں۔ یہ مقام مدح میں ذکر کے قابل نہیں۔ اس کو فضل وکمال میں کچھ دخل نہیں اس میں اللہ تعالیٰ کی طرف بیہودہ گوئی کا وہم لازم آتا ہے۔ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کی شان میں نقص کا توہم ہوتا ہے۔ قرآن میں بے ربطی لازم آتی ہے"۔ پھر صفحہ ۴ پر لکھا "خاتم النبیین کے معنی یہ ہیں کہ آپ موصوف بوصف نبوت بالذات ہیں اور انبیاء بالعرض"۔ پھر صفحہ ۱۶ ۳۳ پر لکھا اگر بالعرض آپ کے

زمانے یا بعد زمانۂ نبوی کوئی نبی پیدا ہو جائے تو خاتمیت محمدی میں کچھ فرق نہ آئے گا" (خلاصۂ عبارات) — ان سب کا حاصل یہ نکلا کہ نانوتوی صاحب کا عقیدہ یہ ہے کہ حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم آخری نبی نہیں ہیں۔ آپ کے زمانہ میں یا آپ کے بعد بھی نبی پیدا ہو سکتے ہیں۔ یہ عقیدہ بلاشبہ کفر صریح ہے حضور اقدس صلی اللہ علیہ وسلم کا آخری نبی ہونا ضروریات دین سے ہے اور ضروریاتِ دین کا انکار کرنے والا بلاشبہ کافر ہے۔ امام غزالی کتاب الاقتصاد میں فرماتے ہیں۔ ان الامۃ فھمت من ھذا اللفظ انہ افھم عدم نبی بعدہ ابدا وعدم رسول بعدہ ابدا وانہ لیس فیہ تاویل ولا تخصیص ومن اولہ بتخصیص فکلامہ من انواع الھذیان لا یمنع الحکم بتکفیرہ لانہ مکذب لھذا النص الذی اجمعت الامۃ علی انہ غیر مؤل ولا مخصوص۔ یعنی تمام امت محمدیہ علی صاحبہا وعلیہا التحیۃ نے لفظ خاتم النبیین سے یہی سمجھا کہ وہ بتاتا ہے کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کبھی کوئی نبی نہ ہوگا۔ کبھی کوئی رسول نہ ہوگا۔ اور تمام امت نے یہی مانا کہ اس لفظ میں نہ کوئی تاویل ہے کہ آخری نبی کے سوا خاتم النبیین کے کچھ اور معنیٰ گڑھیے نہ اس عموم میں کوئی تخصیص ہے کہ حضور کے ختم نبوت کو کسی زمانہ یا زمین کے کسی طبقہ سے خاص کیجئے اور جو اس میں تاویل و تخصیص کو راہ دے اس کی بات جنون یا نشہ یا سرسام میں بہکنے بڑانے بکنے کے قبیل سے ہے اُسے کافر کہنے سے کچھ ممانعت نہیں کہ وہ آیت قرآنی کی تکذیب کر رہا ہے جس میں کسی تاویل و تخصیص نہ ہونے پر امت مرحومہ کا اجماع ہو چکا ہے۔ انہیں وجوہ کی بنا پر علماء حرمین طیبین و ہند و سندھ نے ان لوگوں کے بارے میں یہ فتویٰ دیا کہ یہ لوگ حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ

والہ وسلم کی شان اقدس میں توہین کرنے اور ختم نبوت کا انکار کرنے کی وجہ سے ایسے کافر مرتد ہیں کہ جو اُن کے کفریات پر مطلع ہونے کے بعد انکو کافر مرتد نہ مانے نہ کہے ان کے کافر مرتد ہونے میں شک کرے انہیں کافر کہنے سے کف لسان کرے وہ خود کافر ہے۔ الصوارم الہندیہ میں ہندوستان کے تمام علماء اہلسنت کا یہ فتوی برسہا برس سے چھپ رہا ہے جس میں علماء بدایوں۔ علماء رامپور۔ علماء دہلی۔ علماء لکھنؤ کی بھی تصدیقات موجود ہیں خصوصیت سے حضرت مولانا مفتی عبدالقدیر صاحب بدایونی و مولانا عبدالغفار صاحب رام پوری کی بھی تصدیقات موجود ہیں۔ اس تفصیل کی روشنی میں مولوی خلیل احمد بجنوری بدایونی جب کہ ان اکابر دیوبند کے ان کفریات پر مطلع بھی ہیں۔ اور ان کے اعذار لنگ سے بھی واقف ہیں۔ علماء اہلسنت نے ان سب کے جو رد کیئے ہیں اس پر بھی واقف ہیں پھر بھی اب انکو کافر نہیں کہتے بلاشبہ یہ بھی حسب تصریح آئمہ امت و علماء ملت کافر مرتد ہیں۔ اُن کا یہ بہانہ کہ میں نے جب سے بسط البنان اور انبیٹھوی کا وہ قول دیکھا ہے کف لسان کرتا ہوں" ناقابل قبول ہے۔ رہا بسط البنان کا قصہ تو بسط البنان آج نہیں چھپی ہے۔ ۱۳۲۹ھ میں لکھی گئی ہے اس وقت سے برابر حفظ الایمان کے ساتھ چھپ رہی ہے۔ یہ کف لسان اگر بسط البنان کی وجہ سے ہوتا تو شروع میں جب بسط البنان چھپی تھی اور مولوی صاحب مذکور نے دیکھا تھا اسی وقت سے کف لسان کرتے۔ برسہا برس تک بسط البنان دیکھنے کے باوجود بھی تھانوی کی تکفیر کرتے رہے یہ اس بات کی دلیل ہے کہ تکفیر سے کف لسان کی وجہ بسط البنان نہیں ہے بلکہ ان کے دل کی بیماری ہے۔ ثانیاً بسط البنان یا انبیٹھوی کا قول ان دونوں کا اپنی کفری عبارت

کا انکار ہرگز ہرگز نہیں۔ تھانوی نے بسط البنان میں یا کہیں یہ کبھی نہیں لکھا ہے کہ حفظ الایمان کی وہ صفحہ ۸ والی عبارت میری نہیں ہے۔ بلکہ اس نے بسط البنان میں اس بات کا اقرار کیا ہے کہ یہ عبارت میری ہے۔ یہی حال انبیٹھوی کے مذکورہ قول کا بھی ہے۔ اس لئے ان دونوں کو انکار بتا کر کف لسان کی بنیاد بنانا فریب اور دھوکا ہے۔ تھانوی وانبیٹھوی کے سر یہ الزام ہے کہ حفظ الایمان وبراہین قاطعہ کی مذکورہ بالا عبارتیں کفر ہیں۔ تھانوی وانبیٹھوی نے کبھی کہیں نہ کہا ہے نہ لکھا ہے کہ یہ عبارتیں ہماری نہیں ہیں۔ پھر انکار کیسے ہوا۔ اس کو ہر عقل والا سوچے ہاں اگر کہیں بھی ان دونوں نے یہ کہا ہوتا یا لکھا ہوتا کہ یہ عبارتیں ہماری نہیں ہیں۔ تو ضرور اس کو انکار کہا جاتا پھر اس پر غور بھی کیا جاتا۔ یہ کہہ دینا کہ یہ خبیث مضمون میں نے کبھی کہیں نہیں لکھا اس صورت میں کبھی بھی انکار نہیں ہوسکتا کہ یہ خبیث مضامین جن عبارتوں میں ہیں وہ انکی زندگی سے لیکر اب تک برابر چھپ رہی ہیں اور اس بات کا انہیں اقرار بھی ہے کہ یہ عبارتیں ہماری ہی ہیں۔ ان کفریات کا انکار نہیں بلکہ صراحۃً اقرار ہے۔ اور مولوی خلیل احمد بدایونی کا یہ کہنا کہ میں نے بسط البنان اور یہ قول دیکھ کر اور انہیں انکار سمجھ کر کف لسان کیا ہے اس بات کی دلیل ہے کہ وہ ان عبارتوں کو بلا کسی شک وتردد کے توہین رسول اور ضروریات دین کا انکار صریح مانتے ہیں۔ تو خود مولوی خلیل احمد بدایونی کے قول سے ان دونوں کا اقراری کافر ہونا ثابت ہے۔ ثالثاً اگر بقول مولوی خلیل احمد بدایونی بسط البنان اور انبیٹھوی کے قول مذکور کفر سے انکار اور توبہ ہے تو لازم کہ بقول مولوی خلیل احمد بدایونی۔ یہ دونوں اب پکے سچے مسلمان ہوگئے پھر ان کے بارے میں تکفیر سے پھر صرف کف لسان کے کیا معنی؟ ان کو تو کھل کر کہنا چاہیئے کہ یہ دونوں پہلے کافر

مرتد تھے۔ مگر اب خالص مسلمان ہیں۔ رابعًا۔ بلاشبہ حدیث میں فرمایا گیا
ہے کہ اگر کوئی کسی کو کافر کہے اور وہ شخص کافر نہ ہو تو کہنے والا خود کافر ہے اور
علماء نے فرمایا کہ مسلمان کو کافر اعتقاد کرکے کافر کہنے والا کافر ہے۔ مگر یہ حکم
کسی مسلمان کو کافر کہنے کا ہے۔ کسی شاتم رسول گستاخ رسول کو کافر کہنے کا یہ
حکم نہیں جو احکام مسلمانوں کے ساتھ خاص ہیں انکو شاتمان رسول پر ڈھالنا
یہ کسی کافر نواز کا کام ہوسکتا ہے کسی دیندار مسلمان کا نہیں ہوسکتا ہے جب
اکابر دیوبند شان رسالت میں گستاخی اور ضروریات دین کا انکار انکی کتابوں
سے ثابت ہے۔ تو انہیں کافر و مرتد کہنا کسی مسلمان کو کافر کہنا نہیں بلکہ کافر کو
کافر کہنا ہے۔ مرتد کو مرتد کہنا ہے۔ اور امام غزالی رحمۃ اللہ علیہ کے ارشاد کا بھی
مطلب ہے کہ کسی مسلمان کو کافر کہنے میں خطرہ ہے انکے ارشاد کا یہ مطلب ہرگز
ہرگز نہیں کہ اگر کوئی حضور اقدس صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کو منہ بھر کر گالیاں
دے اور ضروریات دین کا کھلم کھلا انکار کرے پھر بھی اس کی طرف اس بنا پر کہ
وہ کلمہ پڑھتا ہے اپنے کو مسلمان کہتا ہے کافر نہ کہا جائے خود امام غزالی نے ایسے
کلمہ گو متعدد فرقوں کی تکفیر کی ہے جنھوں نے ضروریات دین کا انکار کیا **خامسًا**
بقول خلیل احمد بدایونی " تھانوی اور انبیٹھوی کی تکفیر سے کف لسان بسط البنان
اور انبیٹھوی کے اس قول کی بنا پر ہے۔ گنگوہی اور نانوتوی کی تکفیر سے کف لسان
کی کیا وجہ ہے۔ گنگوہی جی براہین قاطعہ کے مصدق ہیں۔ اس لئے براہین قاطعہ کے
کفر میں انبیٹھوی کے برابر کے شریک۔ و منہم۔ سادسًا۔ انبیٹھوی، تھانوی، گنگوہی جی یہ
سب کے سب نانوتوی کو تحذیر الناس کی کفری عبارتوں پر مطلع ہونے کے باوجود
اس کو مسلمان جانتے تھے۔ گنگوہی صاحب کے یہ رفیق جانی تھے۔ اور تھانوی
اور انبیٹھوی انکو اپنا امام ربانی مانتے تھے۔ اس طرح یہ تینوں کافر ہوئے

سابعا - مولوی خلیل احمد صاحب بدایونی اگرچہ یہ کہتے ہیں کہ میں انکی تکفیر سے کف لسان کرتا ہوں۔ مگر ان کے اقوال سے ثابت ہے کہ ان چاروں کو پکا سچا مسلمان مانتے ہیں۔ اور ان کی تکفیر کو مواخذہ اخروی کا موجب بتاتے ہیں اور علماء اہلسنت لسبط البنان اور انبیٹھوی کے اس قول کے باوجود ان سب کو کافر مرتد کہتے ہیں۔ تو مولوی خلیل احمد صاحب بدایونی کے بقول سارے علماء اہلسنت کافر ہوئے۔ مولوی خلیل احمد صاحب بدایونی سے کوئی پوچھے کہ شاتمان رسول ضروریات دین کے منکرین کو مسلمان مان کر اور علماء اہلسنت کو کافر مان کر وہ خود کیا ہوئے۔ بلاشبہ یہ اُن وہابی شاتمان رسول کے زبردست حامی اور طرفدار ہوئے۔ اور علماء اہلسنت کے پکے دشمن نہ صرف علماء اہلسنت کے بلکہ اللہ کے پیارے حبیب صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے بھی دشمن ہوئے حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے فرمایا **عدوك ثلاثة عدوك وصديق عدوك وعدو صديقك** - تیرے تین دشمن ہیں ایک وہ جو براہ راست تیرا دشمن ہو دوسرے تیرے دوست کا دشمن ہے۔ تیسرے دشمن کا دوست۔ علماء اہلسنت سے اُن کی دشمنی اور علماء دیوبند سے ان کی دوستی کھلی ہوئی ہے اور جب یہ شاتمان رسول دیوبندی مولویوں کے دوست ہیں تو رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ والہ وسلم کے بلاشبہ دشمن ہوئے۔ ایسے شخص سے اس کی کیا شکایت کہ یہ علماء اہلسنت کی غیبت کرتا ہے اور دیوبندی مولویوں کی تعریف و توصیف کرتا ہے۔ یا اپنے لڑکوں کو وہابیوں دیوبندیوں کے مدرسہ میں تعلیم دلائی یا دلاتا ہے

خلاصہ - کلام یہ کہ مولوی خلیل احمد صاحب بجنوری ثم بدایونی کا ان چاروں کی تکفیر سے کف لسان کرنا اور ان کی تکفیر کو مواخذۂ اخروی کا سبب بتانا ہی نہیں بلکہ ان کو حقیقت میں مسلمان ماننا کفر خالص ہے جس کی وجہ

سے یہ خود کافر و مرتد ہو گئے۔ اگر بیوی والے ہیں توان کی بیوی ان کے نکاح سے نکل گئی۔ ان کے سارے اعمال رائیگاں ہو گئے۔ انکی اپنے پیر سے بیعت فسخ ہو گئی خلافت موقوف ہو گئی۔ سلسلہ منقطع ہو گیا اب نہ اُنکے پیچھے نماز پڑھنی جائز ہے نہ اُن سے میل جول جائز نہ ان سے بیعت ہونا جائز اور جتنے لوگ اُن سے اب تک مرید ہو چکے ہیں ان سب کی بیعت ختم ان سب پر ضروری ہے کہ وہ صحیح العقیدہ سنی شیخ سے بیعت ہوں۔ واللہ تعالیٰ اعلم بالصواب اسکتبہ محمد شریف الحق امجدی خادم الافتاء اشرفیہ مبارکپور ضلع بدایوں

مورخہ ۱۸ ربیع الثانی ۱۴۰۱ھ روز یکشنبہ۔

نائب مفتی اعظم صاحب کے جواب پر حضرت علامۃ الفاضل نبیرۂ اعلیٰحضرت مولانا مولوی مفتی شاہ اختر رضا خانصاحب قبلہ قادری برکاتی رضوی ازہری دامت برکاتہم العالیہ کا حکم وتصدیق

لقد اصاب من اجاب، واللہ تعالیٰ اعلم فی الواقع مولوی خلیل احمد بجنوری ثم بدایونی کا دیابنہ کی تکفیر سے کفِ لسان بے بنیاد بلکہ کھلا فساد اور اشرف علی دانبیٹھوی کے مفروضہ انکار کو بہانہ بنانا ظاہر الفساد اور لوگوں کی آنکھوں میں دھول جھونکنا اور دیوبندیوں کی حمایت میں خود دیوبندیوں سے آگے قدم بڑھانا اور خوب خوب داؤ مکر وفریب دینا ہے۔ مولوی مذکور صاف و انکشاف بہ دروغ بے فروغ بول رہے ہیں۔ کہ جب سے میں نے بسط البنان الخ اولاً عرصۂ دراز سے بسط البنان، حفظ الایمان کے ساتھ چھپ رہی ہے اور ظاہر یہ کہ انھوں نے بھی بہت پہلے دونوں کتابیں ضرور دیکھی ہیں۔ اور ان کے جو رد لکھے گئے وہ بھی

ضرور ان کی نظر سے گزرے اور ان تمامی پر مطلع ہو کہ ایک طویل مدت تک
حفظ الایمان کی عبارت مندرجہ جواب پر اشرف علی کی تکفیر کرتے رہے تو ان کی یہ
بے خبری بناوٹ ہے اور اب ان کا یہ عذر کہ انھوں نے اب بسط البنان دیکھی
عذر لنگ ہے جو کسی ذی شعور کے نزدیک نہیں چلے گا۔ اور اس ادعاء
خلاف ظاہر میں انکو سچا نہ جانا جائیگا کہ خلاف ظاہر دعوی نامسموع و مختار
نہیں ہے۔ ان الامین انما یصدق فیما لا یخالفہ الظاہر بلکہ خلاف ظاہر پہ
شہادت بھی مردود لسان الحکام میں ہے و فی المنبع قال ابوحنیفۃ رحمہ اللہ تعالیٰ
اذا قال المدعی لیس لی بینۃ علی ہذا الحق ثم اقام البینۃ علی ذلک لم تقبل لانہ
اکذب بینۃ اھ اور جب انھوں نے بہت پہلے دونوں کتابیں دیکھ رکھی ہیں۔
اور ان کے رد بھی ضرور دیکھ رکھے ہیں تو دو حال سے خالی نہیں یا تو جناب کے
دل میں تکفیر سے کف لسان کا خیال جبھی سے پیدا ہوا ہو گا اگر ایسا تھا تو اتنی
مدت تک کیوں تکفیر کرتے رہے یا پہلے علماء اہلسنت کی طرح جناب کو بھی
وہ انکار مزعوم تسلیم نہ ہو گا۔ اب مولوی خلیل احمد صاحب بتائیں کہ پہلے
جناب کو انکار نامسلم کیوں تھا۔ اور اب کیوں مسلم ہو گیا؟ ثانیاً۔ اشرف علی
کو اپنی کفری عبارت یا مضمون سے منکر بتانا بھی۔ مولوی مذکور کا سفید جھوٹ
ہے۔ اشرف علی کو اسی بسط البنان میں جا بجا اپنی عبارت کا اقرار ہے چنانچہ
وہ رقمطراز ہے وہ عبارت دوسری دلیل کی ہے جو اس لفظ سے شروع ہوئی
ہے۔ پھر یہ کہ آپ کی ذات مقدسہ پر کھر لکھا مطلب یہ ہے کہ آپ کی ذات مقدسہ
پر علم غیب کا حکم کیا جانا۔ الخ دیکھو صلا و صلا بسط البنان اور اس مضمون
کفری سے اشرف علی کا رجوع بتانا اس پر کھلا افترا ہے۔ جو اسے مسلم
نہیں ہو سکتا کہ اسی بسط البنان میں وہ رجوع سے صاف منکر چنانچہ وہ

